Pakistan Studies - ICOM Part 2 Pak Studies Urdu Medium Chapter 4 Short Questions Test

Q1. خطبہ حجتہ الوداع کسے کہتےہیں-

Ans 1: اسلام نے آج سے تقریبا چودہ سال پہلے انسانی حقوق کا اعلان کیا- حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کے دسویں سال حج فرمایا اور میدان عرفات میں جبل الرحمت کے قریب کھڑے ہوکر آخری خطبہ دیا جسے خطبہ حجتہ الوداع کہتے ہیں-

---

Q2. قومی سطح پر انسانی حقوق سے کیا مراد ہے.

Ans 1: قومی سطح پر انسانی حقوق کا مطلب ہے وہ معاشرتی اور سیاسی سہولیات جو ایک ریاست اپنے شہریوں کو مہیا کرتی ہے تاکہ وہ بہتر زندگی گزار سکیں.

Q3. انسانی حقوق کا سب سے پہلے تصور کب اور کس نے دیا.

Ans 1: انسانی حقوق کا سب سے پہلے تصور اسلام نے آج سے چودہ سوسال پہلے میدان عرفات میں جبل رحمت کے مقام پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ حجتہ الوداع کے موقع پر دیا.

Q4. فرائض سے کیا مراد ہے.

Ans 1: فرائض سے مراد شہریوں کی وہ تمام زمہ داریاں ہیں جو حقوق حاصل کرنے کے مقابلے میں ہم حکومت معاشرے یا عوام کے لیے سر انجام دیتے ہیں. مثلا ملک و قوم سے وفاداری قوانین کی پاسداری بروقت ٹیکسوں کی ادائیگی .

Q5. اسلام میں انصاف کے حوالے سے ایک قرآنی آیت کا ترجمہ تحریر کریں.

Ans 1: اور اگر آپ فیصلہ فرمائیں تو ان کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ فرمادیجیے. سورہ المائدہ"

Q6. قرآن پاک میں مذہبی حقوق کے بارے میں کیا ارشاد فرمایاگیا ہے.

Ans 1: اسلامی ریاست میں مذہبی آزادریاں دی جاتی ہیں. غیر مسلموں کو بھی اپنے اپنے مذاہب کے مطابق زندگی بسر کرنے کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں قرآن مجید میں حکم ہے کہ یہ ترجمہ: دین میں کوئی زبردستی نہیں ہے بے شک ہدایت گمراہی سے خوب واضح ہوچکی ہے."

Q7. انسانی حقوق نظریہ میں کون سے اجزا شامل ہیں.

Ans 1: اس نظریہ میں وہ تمام اجزا شامل ہیں جن کے تحت تمام انسان یکساں طور پر بنیادی ضروریات اور سہولیات کے لحاظ سے برابر کے حق دار ہیں.

Q8. انسانی بنیادی حقوق کا تحفظ کون کرتا ہے.

Ans 1: انسانی بنیادی حقوق کی حیثیت قانونی حقوق سے بڑھ کر ہوتی ہے اور ان کا تحفظ ملکی عدالتیں کرتی ہیں.

Q9. اسلامی انسانی حقوق کیا ہیں.

Ans 1: ہمارے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے انسانی حقوق آزادی اور مساوات کا اعلان 10 ہجری بمطابق 631 اپنے خطبہ حجتہ الوداع میں فرمایا جسے انسانی حقوق کا چارٹر کہا جاتا ہے.

Q10. اظہار رائے کی آزادی سے کیا مراد ہے.

Ans 1: عوام کی رائے کو اسلام میب بڑا احترام دیا گیا ہے عوام کو اپنی رائے کے اظہار میں مکمل آزادی دی گئی ہے. ہر شہری کو تحریر حق حآصل ہوتا ہے.